Tarjihaat
Volume: II
Issue: VIII
August 2022
اگست ۲۰۲۲
ترجیحات
ISSN: 2583-0082
WURNP

Download PDF
WORLD URDU RESEARCH & PUBLICATION CENTRE
WURNP
Page:131-141

جاوید رسول

ریسرچ اسکالر، سینٹرل یونی ورسٹی

آف حیدر آباد

## شفق کا نیا شعری بیانیہ اور انحراف کی شعریات

فن ایک الگ چیز ہے اور اخلاقیات الگ۔ یہ کوئی نیا انکشاف نہیں کہ اس پر چونکا جائے بلکہ یہی وہ بنیادی مسئلہ ہے جو اب تک اردو دنیا میں جدیدیت اور مابعد جدیدیت جیسے ادبی رجحانات کی صحیح تفہیم و ترسیل اور انطباق کے راستے میں حائل ہے۔ 1955ء کے بعد اردو ادب میں ہونے والے تخلیقی تجربے شخصی عناصر سے معمور تھے، جن سے مقصود اخلاقی مطلقیت اور اجتماعیت کے نرغے سے نکال کر

Scanned with OKEN Scanner